بسم اللہ الرحمن الرحیم
مقالاتِ کاظمی
حصہ دوم
علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی
مکتبہ ضیائیہ
بوہڑ بازار، راولپنڈی، پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حصہ دوم

علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی

مکتبہ ضیائیہ
بوہڑ بازار
راولپنڈی

marfat.com

کتاب ــــــــــــ مقالاتِ کاظمی
جلد ــــــــــــ دوم
تصنیف ــــــــــــ علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی
کتابت ــــــــــــ محمد حنیف گل ، محمد مشتاق سیالوی
طباعت بار اوّل ــــــــــــ رجب المرجب ۱۳۹۸ھ
مطبع ــــــــــــ
صفحات ــــــــــــ ۵۶۸
قیمت ــــــــــــ

marfat.com

شخص اس فرق کا منکر ہے وہ نہ توحید باری کو سمجھا، نہ ختم نبوت پر ایمان لایا۔

۱۱۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی علماء کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اردو زبان کا علم اس وقت حاصل ہوا۔ جب حضور کا معاملہ علماء دیوبند سے ہوگیا۔ اس سے پہلے حضور اردو زبان نہ جانتے تھے۔

دیکھئے براہین قاطعہ میں مولوی خلیل احمد صاحب انبیٹھوی ص۲۶ پر لکھتے ہیں:

"مدرسہ دیوبند کی عظمت حق تعالیٰ کی بارگاہ میں بہت ہے کہ صدہا عالم یہاں سے پڑھ کر گئے اور خلق کثیر کو ظلمات و ضلالت سے نکالا۔ یہی سبب ہے کہ ایک صالح فخر عالم علیہ السلام کی زیارت سے خواب میں مشرف ہوئے تو آپ کو اردو میں کلام کرتے دیکھ کر پوچھا کہ آپ کو یہ کلام کہاں سے آگئی آپ تو عربی ہیں۔ فرمایا کہ جب سے علماء مدرسہ دیوبند سے ہمارا معاملہ ہوا ہم کو یہ زبان آگئی۔ سبحان اللہ اس سے رتبہ اس مدرسہ کا معلوم ہوا۔"

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اول امر سے ہر زبان کے عالم ہیں۔ جو شخص حضور کے لیے کسی زبان کے علم کو اس اہل زبان سے معاملہ ہونے کے بعد ثابت کرے اور اس کا مسلک یہ ہو کہ حضور کو یہ زبان اس وقت آگئی جب اس زبان والوں سے حضور کا معاملہ ہوا۔ یعنی اس سے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس زبان کے عالم نہ تھے۔ وہ شخص کمالات رسالت کو مجروح کر رہا ہے۔

۱۲۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی حضرات کو ایسی خوابیں نظر آتی ہیں۔ جن میں وہ (معاذ اللہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گرتا ہوا دیکھتے ہیں اور پھر حضور کو گرنے سے روکتے اور بچاتے ہیں۔ دلیل کے طور پر مولوی حسین علی صاحب شاگرد رشید مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا ارشاد بلغۃ الحیران ص۸ پر دیکھئے:

"ورأیت انہ یسقط فامسکتہ واعصمتہ من السقوط"

ترجمہ: (اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضور گر رہے ہیں۔ تو میں نے حضور کو روکا اور گرنے سے بچا لیا۔)

marfat.com

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا مسلک ہے کہ ذات جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھ کر حضور کے علاوہ کوئی دوسری چیز مراد نہیں لیجا سکتی جس نے حضور کو دیکھا اس نے لاریب حضور ہی کو دیکھا۔ ایسی صورت میں جو شخص یہ کہے کہ (معاذ اللہ) میں نے حضور کو گرتا ہوا دیکھ کر حضور کو گرنے سے بچا لیا۔ وہ بارگاہ رسالت میں دریدہ دہن نہایت گستاخ ہے۔

دیوبندیوں کا مذہب

علماء دیوبند کے مقتداء مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے نہ صرف خواب بلکہ بیداری کی حالت میں بھی لا الہ الا اللہ اشرف علی رسول اللہ اور اللھم صل علی سیدنا ونبینا ومولانا اشرف علی پڑھنے کو اپنے متبع سنت ہونے کا اشارہ غیبی قرار دے کر پڑھنے والے کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ دیکھئے روئداد مناظرہ گیا الفرقان جلد ۳ نمبر ۱۲ کے صفحہ ۵۰ پر دیوبندی حضرات کے مایۂ ناز مناظر مولوی منظور احمد صاحب سنبھلی نعمانی تحریر فرماتے ہیں:

یہ پنجاب کے رہنے والے ہیں۔ انہوں نے مولانا تھانوی کو ایک طویل خط لکھا ہے اخیر میں اپنے خواب کا واقعہ ان الفاظ میں لکھتے ہیں:

"کچھ عرصہ کے بعد خواب دیکھتا ہوں کہ کلمہ شریف لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھتا ہوں۔ لیکن محمد رسول اللہ کی جگہ حضور کا نام لیتا ہوں، اتنے میں دل کے اندر خیال پیدا ہوا کہ تجھ سے غلطی ہوئی۔ کلمہ شریف کے پڑھنے میں اس کو صحیح پڑھنا چاہئے اس خیال سے دوبارہ کلمہ شریف پڑھتا ہوں۔ دل پر تو یہ ہے کہ صحیح پڑھا جائے۔ لیکن زبان سے بے ساختہ بجائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے 'اشرف علی' نکل جاتا ہے۔ حالانکہ مجھ کو اس بات کا علم ہے کہ اس طرح درست نہیں۔ لیکن بے اختیار زبان سے یہی کلمہ نکلتا ہے۔ دو تین بار جب یہی صورت ہوئی تو حضور کو اپنے سامنے دیکھتا ہوں۔ اور بھی چند شخص حضور کے پاس تھے۔ لیکن اتنے میں میری یہ حالت ہو گئی کہ میں کھڑا کھڑا بوجہ اس کے کہ رقت طاری ہو گئی زمین پر گر گیا اور نہایت زور کے ساتھ چیخ ماری اور مجھ کو معلوم ہوتا تھا کہ میرے اندر کوئی طاقت باقی نہیں

لہ، سہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

marfat.com